India-Uzbekistan Foreign Office Consultations

May 11, 2022

ہندوستان- ازبکستان کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت

11 مئی، 2022

ہندوستان- ازبکستان کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا 15 واں دور 11 مئی 2022 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ مشاورت کی مشترکہ صدارت جناب سنجے ورما، سکریٹری (مغرب) اور جمہوریہ ازبکستان کے خارجہ امور کے نائب وزیر عالی جناب فرقت صدیقوف نے کی۔ دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا آخری راؤنڈ ورچوئل فارمیٹ میں نومبر 2020 میں منعقد ہوا تھا۔

مشاورت کے دوران، دونوں فریقین نے حالیہ اور متوقع سیاسی، سیکورٹی، تجارتی، اقتصادی، کنیکٹوٹی، ترقیاتی شراکت داری، انسانی اور ثقافتی شعبوں سمیت دو طرفہ تعاون کے امکانات کا ایک جامع جائزہ لیا۔ بات چیت میں خاص طور پر زیادہ تر اقتصادی تعاون اور ہندوستان اور ازبکستان کے درمیان رابطے بڑھانے کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ دونوں فریقین نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے لیے چابہار بندرگاہ کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے پر اتفاق کیا۔

فریقین نے افغانستان سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ، ایس سی او اور دیگر کثیر جہتی فورمز میں تعاون کو مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ہندوستانی فریق نے ایس سی او کی ازبکستان کی جاری چیئرمین شپ کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اظہار کیا۔ دونوں فریقین نے جنوری 2022 میں پہلی ہند- وسطی ایشیا چوٹی کانفرنس کے انعقاد کا اچھے سے جائزہ لیا اور دوسرے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ مل کر اس کے نتائج کو تیزی سے نافذ کرنے پر اتفاق کیا۔

یہ بات چیت دوستی اور افہام وتفہیم کے روایتی جذبے سے ہوئی۔ ایف او سی دسمبر 2020 میں ورچوئل سمٹ سمیت گزشتہ 2 سالوں میں ہونے والی اعلیٰ سطحی میٹنگوں کے دوران کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لینے میں کارآمد رہا۔ دونوں فریقین نے مشاورت کا اگلا دور ازبکستان میں باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

11 مئی، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.